جو رضا کارانہ طور پر خود پابند دین ہوں - اور دوسروں میں دین کو پھیلائیں - یہ تحریک کی جڑیں ہیں - یہ اگر نہ پھیلیں اور نہ مضبوط ہوں تو منہ اُوپر کر کے پھلوں کے دفور کا منظر دیکھنے کی خواہش عبث ہے -
کتاب کے آخری حصے میں مختلف دینی اکابر سے جو مفید خط و کتابت ایسے مسائل پر بھٹو صاحب نے کی ہے، وہ درج ہے -

---

مجلہ آئینۂ ایام	مولف : حافظ محمد انور خلیلی کوٹلو تارڑ - ۱۷۵ سی، سٹیل ٹسٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ -

یہ مجلہ کا اقبال نمبر (مئی ۱۹۸۳ء) ہے - حافظ صاحب کے اداریہ کے بعد پروفیسر اسرار احمد سہارویؒ نے اقبال کے متعلق ۴ مقالات شامل کیے ہیں - ایک مضمون مولانا امین احسن اصلاحی صاحب کا ہے، ایک مضمون جنگ سے لیا گیا ہے، حصہ نظم بھی اپنے تنوع کے ساتھ دلچسپ ہے - گوجرانوالہ سے اس معیار کی ادبی کوشش بہت گراں قدر ہے -

---

پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ	مصنف : پروفیسر کے، ایس، راما کرشنا راؤ - مترجم: میجر (ریٹائرڈ) عنایت اللہ ناشر: مسز عنایت اللہ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین چونیاں ضلع قصور -

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اور زندگی اور مشن کے بارے میں ایک ہندو پروفیسر کے خیالات ہیں - ان میں کچھ پہلو قابلِ گرفت بھی ہیں - مگر بحث کی ضرورت نہیں - ایک بیرونی ناظر نے جس طرح دیکھا، سُنا اور سمجھا اس نے اپنے تاثرات بیان کر دیئے - زیادہ تر تاثرات مؤلف نے مغربی اکابر سے لیے ہیں -

---

سب رس طنز و مزاح	مدیر: خواجہ حمید الدین شاہد - پتہ: ڈی ۱۴۳/۲، بلاک بی، تیموریہ کراچی ۷۴۰۰ ۔ قیمت فی شمارہ - ۶/- روپے - سالانہ ۶۰/- روپے -

خواجہ حمید الدین شاہد ایک خیالِ نازک جیسا وجود رکھتے ہیں، اپنی کم جسمانی قوت سے زیادہ کام لینے کا لمبا تجربہ رکھتے ہیں - مصروفیات بہت مگر طبیعت لطیف و نفیس، دماغ کے ایک ایک